Healthcare for refugees and people seeking asylum: Urdu

# ریفیوجیوں اور پناہ کے متلاشی افراد کے لیے نگہداشت صحت

یہ معلومات ریفیوجیوں اور پناہ کے متلاشی افراد کے لیے نگہداشت صحت کے بارے میں ہیں۔ یہ کینسر سے متاثرہ افراد کے لیے میک ملن سے دستیاب مدد کی بھی وضاحت کرتی ہیں۔

اگر ان معلومات کے متعلق آپ کا کوئی سوال ہے، تو آپ جس ہسپتال میں زیر علاج ہیں اس کے ڈاکٹر یا نرس سے پوچھیں۔

آپ ہفتے کے 7 دن، صبح 8 بجے سے شام 8 بجے تک **0808 808 00 00**پر میک ملن کینسر سپورٹ (Macmillan Cancer Support) کو بھی کال کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی زبان میں بات کر سکتی ہیں۔ جب آپ ہمیں کال کریں، تو براہ کرم ہمیں انگریزی میں بتائیں کہ آپ کو کون سی زبان درکار ہے۔

کینسر کے متعلق **macmillan.org.uk/translations** پر دیگر زبانوں میں مزید معلومات موجود ہیں

## یہ معلومات درج ذیل کے متعلق ہے:

- یوکے کا نگہداشت صحت کا نظام
- نگہداشت صحت کے حقوق اگر آپ پناہ کے متلاشی ہیں
- نگہداشت صحت کے حقوق اگر آپ کو پناہ دینے سے منع کر دیا گیا ہے
- نگہداشت صحت کے حقوق اگر آپ ریفیوجی ہیں
- نگہداشت صحت تک رسائی میں مدد
- میک ملن آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے
- آپ کی زبان میں مزید معلومات
- حوالہ جات اور تشکرات

## یوکے کا نگہداشت صحت کا نظام

یوکے میں زیادہ تر نگہداشت صحت نیشنل ہیلتھ سروس (این ایچ ایس) کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہے۔ این ایچ ایس میں شامل ہیں:

**جی پی اور کمیونٹی پر مبنی نگہداشت**
جی پی (جنرل پریکٹیشنر) ایک ڈاکٹر ہوتا ہے جو صحت کی عام کیفیات کا علاج کرتا ہے۔ جی پی عام طور پر مقامی مرکز میں کام کرتے ہیں۔ انگریزی میں، اس قسم کے مرکز کے مختلف نام ہوسکتے ہیں۔ اسے ایک GP practice، GP surgery یا medical centre کہا جا سکتا ہے۔ یہ مرکز اکثر نگہداشت صحت کے لیے آپ کے رابطے کا پہلا اور اہم نقطہ ہوتا ہے۔ وہ کمیونٹی پر مبنی دیگر خدمات جیسے ضلعی نرسوں اور سکون آور نگہداشت ٹیموں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ آپ کا جی پی اور دیگر کمیونٹی پر مبنی خدمات صحت کے بہت سے مسائل کا علاج اور انتظام کرتی ہیں۔ اگر آپ کو مزید خصوصی علاج کی ضرورت ہے، تو وہ آپ کے لیے اس کا انتظام کر سکتے ہیں۔ اس کو حوالہ دینا کہا جاتا ہے۔

**فوری اور ہنگامی دیکھ بھال** - اس میں شامل ہیں:

- جان لیوا کیفیات کے لیے ہنگامی مدد اگر آپ 999 پر فون کریں
- ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجسی (اے اینڈ ای) ڈپارٹمنٹ، یا دیگر فوری نگہداشت کے مرکز جیسے واک ان سینٹر یا معمولی چوٹوں کی یونٹ میں نگہداشت
- فوری صحت کے مسائل کے بارے میں مشورہ اگر آپ 111 پر (انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ یا ویلز میں) کال کرتے ہیں۔

**اسپیشلسٹ کیئر**
صحت کی کچھ کیفیات کے لیے، آپ کو ماہرانہ تربیت کے ساتھ نگہداشت صحت کے پیشہ ور سے مشورہ یا علاج کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ جب آپ ماہرانہ علاج کے لیے ہسپتال میں رکتے ہیں تو اسے ان پیشنٹ کیئر کہا جاتا ہے۔ جب آپ کا کلینک میں یا گھر پر ماہرانہ علاج ہوتا ہے، تو اسے آؤٹ پیشنٹ کیئر کہا جاتا ہے۔

**فارماسسٹ**
فارماسسٹ دوائیں دیتے ہیں اور دوائیں لینے کے بارے میں مشورہ دیتے ہیں۔ وہ کچھ طبی مشورہ بھی دے سکتے ہیں۔

**دانتوں کی نگہداشت**
دانتوں کے ڈاکٹر آپ کے دانتوں، مسوڑھوں اور منہ کے دیگر حصوں کی دیکھ بھال میں مدد کرتے ہیں۔

**آنکھوں کی نگہداشت**
آپٹومیٹرسٹ آنکھوں کی بینائی جانچنے میں مدد کرتے ہیں۔ وہ چشمے اور کانٹیکٹ لینز تجویز کرتے اور فٹ کرتے ہیں۔ وہ آنکھوں کی صحت کے کچھ مسائل، جیسے آنکھوں کے انفیکشن کے لیے علاج اور مشورہ دیتے ہیں۔

این ایچ ایس کی نگہداشت صحت اسی طرح مفت ہے اگر آپ:

- یوکے میں پناہ کے لیے درخواست دے رہے ہیں
- ریفیوجی ہیں۔

## نگہداشت صحت کے حقوق اگر آپ پناہ کے متلاشی ہیں

اگر آپ یوکے میں پناہ کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو این ایچ ایس کی نگہداشت صحت یوکے کے ایک عام رہائشی کی طرح ہی مفت ہے، جبکہ آپ:

- پناہ کے لیے درخواست دیں
- فیصلے کا انتظار کریں
- کسی بھی فیصلے پر اپیل کریں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ مفت جی پی اور ہسپتال کی نگہداشت، اور فوری اور غیر فوری علاج حاصل کرسکتے ہیں۔

## نگہداشت صحت کے حقوق اگر آپ کو پناہ دینے سے منع کر دیا گیا ہے

اگر پناہ کا آپ کا دعوی مسترد کردیا گیا ہے تو آپ کو اب بھی این ایچ ایس کی مفت نگہداشت صحت کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ یہ یوکے کے علاقے پر منحصر ہے۔

**اسکاٹ لینڈ، ویلز یا شمالی آئرلینڈ**

اگر آپ کو اسکاٹ لینڈ، ویلز یا شمالی آئرلینڈ میں پناہ دینے سے انکار کر دیا جاتا ہے تو آپ کو اس وقت تک مفت این ایچ ایس نگہداشت صحت کی اجازت ہے جب تک آپ ابھی بھی اس ملک میں ہوں۔

**انگلینڈ**

اگر آپ کو انگلینڈ میں پناہ دینے سے انکار کر دیا جاتا ہے تو آپ کو اب بھی مفت این ایچ ایس ہیلتھ کیئر کی اجازت ہے اگر آپ کو مدد مل رہی ہے:

- سیکشن 4(2) سپورٹ نامی ہوم آفس سے
- سیکشن 21 یا پارٹ 1 سپورٹ نامی ایک مقامی اتھارٹی سے۔

اگر آپ کو یہ مدد نہیں مل رہی ہے تو آپ علاج کا کوئی بھی کورس جو آپ نے پہلے ہی شروع کیا تھا، بلا معاوضہ جاری رکھ سکتے ہیں۔ اگر نگہداشت صحت کے کسی پیشہ ور فرد کا خیال ہے کہ آپ کو مزید علی الفور یا فوری علاج کی ضرورت ہے تو وہ آپ کو یہ دے سکتے ہیں۔ آپ سے ادائیگی کے لیے کہا جا سکتا ہے، لیکن آپ کو علاج سے پہلے ادائیگی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

کچھ ہنگامی نگہداشت صحت ہمیشہ یوکے میں ہر کسی کے لیے مفت ہے۔ آپ کبھی ادائیگی نہیں کرتے ہیں:

- اگر آپ 999 پر فون کرتے ہیں تو جان لیوا کیفیات کے مدنظر ہنگامی مدد کے لیے۔
- فوری صحت کے مسائل کے بارے میں مشورہ اگر آپ 111 پر (انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ یا ویلز میں) کال کرتے ہیں۔
- ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی (اے اینڈ ای) ڈپارٹمنٹ، واک ان سینٹر، معمولی چوٹوں کی یونٹ یا فوری نگہداشت مرکز میں نگہداشت۔

نگہداشت صحت کی دیگر خدمات جو ہمیشہ ہر کسی کے لیے مفت ہیں ان میں شامل ہیں:

- کچھ قسم کے انفیکشن اور جنسی طور پر منتقل ہونے والے امراض کے لیے جانچ اور علاج
- مانع حمل خدمات
- اذیت، خواتین کے تناسلی اعضاء مسخ کرنے، اور گھریلو یا جنسی تشدد کی وجہ سے پیدا ہونے والی کیفیات کے لیے علاج۔

## نگہداشت صحت کے حقوق اگر آپ ریفیوجی ہیں

اگر آپ یوکے میں ریفیوجی ہیں تو این ایچ ایس کی نگہداشت صحت مفت ہے ، بالکل یوکے کے ایک معمولی رہائشی کی طرح۔ اس میں جی پی اور ہسپتال کی نگہداشت ، اور فوری اور غیر فوری علاج شامل ہیں۔

## نگہداشت صحت تک رسائی میں مدد

اگر آپ کو نگہداشت صحت تک رسائی حاصل کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے، یا آپ کو نگہداشت صحت کے اپنے حقوق کے بارے میں یقین نہیں ہے، تو مندرجہ ذیل تنظیمیں مدد کر سکتی ہیں:

- **مائیگرنٹ ہیلپ** - www.migranthelpuk.org ملاحظہ کریں یا ان کی مفت اسائلم ہیلپ لائن کو 0808 801 0503 پر کال کریں۔ اپنی زبان میں معلومات چیک کرنے کے لیے www.migranthelpuk.org/Pages/FAQs/Category/translated-advice ملاحظہ کریں
- **برٹش ریڈ کراس** - www.redcross.org.uk/get-help/get-help-as-a-refugee ملاحظہ کریں یا ان کی مفت سپورٹ لائن کو 0808 196 3651 پر کال کریں۔ اپنی زبان میں معلومات چیک کرنے کے لیے www.redcross.org.uk/get-help/get-help-as-a-refugee/translated-pages ملاحظہ کریں
- **ریفیوجی کونسل** - معلومات کے لیے www.refugeecouncil.org.uk ملاحظہ کریں۔ اگر آپ انگلینڈ میں ہیں تو ان کی مفت انفو لائن کو 0808 196 7272 پر کال کریں۔

## اپنے لیے درست نگہداشت اور معاونت حاصل کرنا

اگر آپ کو کینسر ہو اور انگریزی نہ بولتے ہوں، تو آپ فکرمند ہو سکتے ہیں کہ اس سے آپ کے کینسر کے علاج اور نگہداشت پر اثر پڑے گا۔ مگر آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم کو آپ کو ایسی نگہداشت، معاونت اور معلومات فراہم کرنی چاہیں، جن سے آپ کی ضروریات پوری ہوتی ہوں۔

ہم جانتے ہیں کہ بعض اوقات لوگوں کو درست معاونت حاصل کرنے میں زیاہ مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مثلًا، اگر آپ کام کرتے ہوں یا آپ کا خاندان ہو تو ہسپتال کی اپوائنٹمنٹس پر جانے کے لیے وقت نکالنا مشکل ہو سکتا ہے۔ آپ کو پیسوں اور نقل و حمل کے اخراجات کے متعلق بھی پریشانیاں ہو سکتی ہیں۔ یہ تمام چیزیں تناؤ بھری ہو سکتی ہیں اور ان سے نمٹنا مشکل ہو سکتا ہے۔

ہم کینسر میں مبتلا افراد کو میک ملن گرانٹس (Macmillan Grants) بھی فراہم کرتے ہیں۔ یہ یک وقتی ادائیگیاں ہوتی ہیں، جنہیں ہسپتال میں پارکنگ، سفر کی لاگتوں، بچوں کی نگہداشت یا گھر گرم کرنے کے بلوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ہماری مفت سپورٹ لائن **0808 808 00 00**آپ کی زبان میں آپ کی صورتحال کے متعلق مشورہ فراہم کر سکتی ہے۔ آپ نرسوں، مالیاتی رہنماؤں، بہبود کے حقوق کے مشیران اور کام میں معاونت کے مشیران سے بات کر سکتے ہیں۔

## میک ملن آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے

میک ملن (Macmillan) میں، ہم جانتے ہیں کہ کینسر کی تشخیص کیسے ہر چیز کو متاثر کر سکتی ہے اور اسی لیے ہم آپ کی معاونت کے لیے موجود ہیں۔

**میک ملن سپورٹ لائن**
ہمارے پاس ترجمان ہیں، لہذا آپ ہم سے اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ آپ جو زبان استعمال کرنا چاہتے ہیں، ہمیں صرف انگریزی میں اس کا نام بتائیں۔ ہم طبی سوالات میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں، مالیاتی معاونت کے متعلق معلومات دے سکتے ہیں یا اگر آپ کو بات کرنے کے لیے کوئی شخص چاہیے ہو، تو سننے کے لیے موجود ہو سکتے ہیں۔ مفت، رازدارانہ فون لائن ہفتہ کے 7 دن، صبح 8 بجے سے شام 8 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔ ہمیں **0808 808 00 00**پر کال کریں۔

**میک ملن ویب سائٹ**
ہماری ویب سائٹ پر کینسر سے متعلق کافی ساری معلومات موجود ہیں۔ دیگر زبانوں میں بھی مزید معلومات **macmillan.org.uk/translations** **پر موجود ہیں**

ہم آپ کے لیے ترجموں کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔ ہمیں **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** ای میل کر کے بتائیں کہ آپ کو کس چیز کی ضرورت ہے۔

**معلوماتی مراکز**
ہمارے معلوماتی اور امدادی مراکز ہسپتالوں، لائبریریوں اور موبائل سینٹرز پر مبنی ہیں۔ آپ کو درکار معلومات حاصل کرنے اور کسی سے رو بہ رو بات کرنے کے لیے ایک میں تشریف لے آئیں۔ اپنا قریب ترین مرکز **macmillan.org.uk/informationcentres** پر تلاش کریں یا ہمیں **0808 808 00 00**پر کال کریں۔

**مقامی امدادی گروپ**
ایک امدادی گروپ میں، آپ کینسر سے متاثرہ دوسرے لوگوں سے بات کر سکتے ہیں۔ **macmillan.org.uk/supportgroups** پر اپنے علاقے میں امدادی گروپوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں یا ہمیں **0808 808 00 00**پر کال کریں۔

**میک ملن آن لائن کمیونٹی**
آپ کینسر سے متاثرہ دیگر افراد سے **macmillan.org.uk/community** پر آن لائن بات بھی کر سکتے ہیں آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت اس تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ اپنے تجربات شیئر کر سکتے ہیں، سوالات پوچھ سکتے ہیں یا صرف لوگوں کی پوسٹس بھی پڑھ سکتے ہیں۔

## آپ کی زبان میں مزید معلومات

ہمارے پاس ان موضوعات کے متعلق آپ کی زبان میں معلومات موجود ہیں:

**کینسر کا مقابلہ کرنا**

- کینسر اور کورونا وائرس
- یوکے میں کینسر کی نگہداشت
- اگر آپ کو کینسر ہے تو فوائد کے لیے دعویٰ کرنا
- کھانے پینے کے مسائل اور کینسر
- زندگی کا اختتام
- ریفیوجیوں اور پناہ کے متلاشی افراد کے لیے نگہداشت صحت
- صحت بخش غذا
- آپ کو کینسر ہونے پر لاگتوں میں مدد
- اگر آپ کو کینسر کی تشخیص ہوئی ہے
- LGBTQ+ لوگ اور کینسر
- عفونت اور کینسر
- کینسر کے علاج کے ضمنی اثرات
- تھکاوٹ (تھکن) اور کینسر

**کینسر کی اقسام**

- چھاتی کا کینسر
- عنق رحم کا کینسر
- بڑی آنت کا کینسر
- پھیپھڑے کا کینسر
- غدہ قدامیہ کینسر

**علاج**

- کیموتھراپی
- ریڈیوتھراپی
- سرجری

یہ معلومات ملاحظہ کرنے کے لیے، **macmillan.org.uk/translations** پر جائیں

## حوالہ جات اور تشکرات

یہ معلومات میک ملن کینسر سپورٹ کی کینسر انفارمیشن ڈویلپمنٹ ٹیم کی جانب سے تحریر اور مرتب کی گئی ہیں۔ اس زبان میں اس کا ترجمہ ایک ترجمہ کمپنی نے کیا ہے۔

مشمولہ معلومات ہماری ویب سائٹ پر انگریزی میں دستیاب ہمارے علاج کے فیصلوں کے مواد پر مبنی ہیں۔

اس معلومات کا متعلقہ ماہرین نے جائزہ لیا ہے اور میک ملن کے سینٹر آف کلینیکل ایکسپرٹائز کے ممبروں نے اس کی منظوری دی ہے۔

کینسر سے متاثرہ ان لوگوں کا بھی شکریہ جنہوں نے ان معلومات کا جائزہ لیا ہے۔

ہماری تمام معلومات دستیاب شدہ بہترین شواہد کی بنیاد پر ہیں۔ ہمارے استعمال کردہ ذرائع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہم سے **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** پر رابطہ کریں

**مواد کا جائزہ لیا گیا: 2023 اگلا منصوبہ بند جائزہ: 2026**

MAC19723_ Urdu

ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ ہم جو معلومات فراہم کریں، وہ درست اور تازہ ترین ہو، لیکن اس پر ماہرانہ پیشہ ورانہ مشورے، جو آپ کی صورتحال کے مطابق دیا جاتا ہے، کے متبادل کے طور پر انحصار نہیں کرنا چاہیے۔ قانون سے اجازت یافتہ حد تک، میک ملن اس اشاعت یا اس میں شامل یا محولہ تیسرے فریق کی ویب سائٹس پر موجود کسی بھی معلومات کے استعمال کے حوالے سے کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی ہے۔

ہمیں امید ہے کہ آپ ان معلومات کو مفید پائیں گے۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو ہم آپ کو آپ کی اپنی زبان میں بذریعہ فون معلومات اور مدد فراہم کر سکتے ہیں۔ ہماری خدمات مفت ہیں۔ ہمیں **0808 808 00 00**پر فون کریں (پیر تا جمعہ صبح 9 بجے تا شام 8 بجے تک) اور اپنی ترجیحی زبان کا نام انگریزی میں بتائیں۔

© Macmillan Cancer Support 2023۔ انگلینڈ اور ویلز (261017)،
سکاٹ لینڈ (SC039907) اور دی آئل آف مین (604) میں رجسٹرڈ چیریٹی۔ شمالی آئرلینڈ میں بھی کام کر رہی ہے۔ رجسٹرڈ دفتر

89 Albert Embankment, London SE1 7UQ.

Trusted Information Creator
Patient Information Forum

| |
|---|
| Healthcare for refugees and people seeking asylum: Urdu |

# Healthcare for refugees and people seeking asylum

This information is about healthcare for refugees and people seeking asylum in the UK. It also explains support available from Macmillan for people affected by cancer.

If you have any questions about this information, ask your doctor or nurse at the hospital where you are having treatment.

You can also call Macmillan Cancer Support on **0808 808 00 00**, 7 days a week, 8am to 8pm. We have interpreters, so you can speak to us in your own language. When you call us, please tell us in English which language you need.

There is more cancer information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**

## This information is about:

- The UK healthcare system
- Rights to healthcare if you are seeking asylum
- Rights to healthcare if you have been refused asylum
- Rights to healthcare if you are a refugee
- Help to access healthcare
- How Macmillan can help you
- More information in your language
- References and thanks

## The UK healthcare system

Most healthcare in the UK is provided by the National Health Service (NHS). The NHS includes:

**GP and community-based care**
A GP (General Practitioner) is a doctor who treats general health conditions. GPs usually work in a local centre. In English, this type of centre can have different names. It may be called a [GP practice], [GP surgery] or [medical centre]. This centre is often your first and main point of contact for healthcare. They work closely with other community-based services such as district nurses and palliative care teams. Your GP and other community-based services treat and manage many health problems. If you need more specialised treatment, they can arrange this for you. This is called making a referral.

**Urgent and emergency care** - This includes:

- emergency help for life-threatening conditions if you phone 999
- care at an accident and emergency (A&E) department, or other urgent care centre such as a walk-in centre or minor injuries unit
- advice about urgent health problems if you call 111 (in England, Scotland or Wales).

**Specialist care**
For some health conditions, you may need advice or treatment from a healthcare professional with specialist training. When you stay in hospital for specialist treatment, this is called inpatient care. When you have specialist treatment at a clinic, or at home, this is called outpatient care.

**Pharmacists**
Pharmacists give out medicines and give advice about taking medicines. They may also give some medical advice.

**Dental care**
Dentists help look after your teeth, gums and other parts of the mouth.

**Eye care**
Optometrists help test eyesight. They prescribe and fit glasses and contact lenses. They give treatment and advice for some eye health problems, such as eye infections.

NHS healthcare is free in the same way if you are:

- applying for asylum in the UK
- a refugee.

## Rights to healthcare if you are seeking asylum

If you are applying for asylum in the UK, NHS healthcare is free in the same way as an ordinary UK resident, while you:

- apply for asylum
- wait for a decision
- appeal any decisions.

This means you can have free GP and hospital care, and urgent and non-urgent treatment.

## Rights to healthcare if you have been refused asylum

If your asylum claim has been refused, you may still be allowed free NHS healthcare. This depends on the area of the UK.

**Scotland, Wales or Northern Ireland**
If you are refused asylum in Scotland, Wales or Northern Ireland, you are allowed free NHS healthcare for as long as you are still in the country.

**England**
If you are refused asylum in England, you are still allowed free NHS healthcare if you are getting support from:

- the Home Office, called section 4(2) support
- a local authority, called section 21 or part 1 support.

If you are not getting this support, you can continue any course of treatment you had already started, free of charge. If a healthcare professional thinks you need further immediate or urgent treatment they can give you this. You may be asked to pay, but you do not have to pay before the treatment is given.

Some emergency healthcare is always free to everyone in the UK. You never pay for:

- emergency help for life-threatening conditions if you phone 999.
- advice about urgent health problems if you call 111 (in England, Scotland or Wales).
- care at an accident and emergency (A&E) department, walk-in centre, minor injuries unit or urgent care centre.

Other healthcare services that are always free to everyone include:

- testing and treatment for some types of infections and sexually transmitted diseases
- contraception services
- treatment for conditions caused by torture, female genital mutilation, and domestic or sexual violence.

## Rights to healthcare if you are a refugee

If you are a refugee in the UK, NHS healthcare is free, in the same way as an ordinary UK resident. This includes GP and hospital care, and urgent and non-urgent treatment.

## Help to access healthcare

If you need help to access healthcare, or you are not sure of your rights to healthcare, the following organisations can help:

- **Migrant Help** - visit www.migranthelpuk.org or call their free asylum helpline on 0808 801 0503. To check for information in your language visit www.migranthelpuk.org/Pages/FAQs/Category/translated-advice
- **British Red Cross** - visit www.redcross.org.uk/get-help/get-help-as-a-refugee or call their free support line on 0808 196 3651. To check for information in your langage visit www.redcross.org.uk/get-help/get-help-as-a-refugee/translated-pages
- **Refugee Council** - visit www.refugeecouncil.org.uk for information. If you are in England, call their free Infoline on 0808 196 7272.

## Getting the right care and support for you

If you have cancer and do not speak English, you may be worried that this will affect your cancer treatment and care. But your healthcare team should offer you care, support and information that meets your needs.

We know that sometimes people may face extra challenges in getting the right support. For example, if you work or have a family it can be hard to find time to go to hospital appointments. You might also have worries about money and transport costs. All of this can be stressful and hard to cope with.

We also offer Macmillan Grants to people with cancer. These are one-off payments that can be used for things like hospital parking, travel costs, childcare or heating bills.

Our free support line **0808 808 00 00** can offer advice, in your language, about your situation. You can speak to nurses, financial guides, welfare rights advisers and work support advisers.

## How Macmillan can help you

At Macmillan, we know how a cancer diagnosis can affect everything, and we are here to support you.

**Macmillan Support Line**
We have interpreters, so you can speak to us in your language. Just tell us, in English, the language you want to use. We can help with medical questions, give you information about financial support, or be there to listen if you need someone to talk to. The free, confidential phone line is open 7 days a week, 8am to 8pm. Call us on **0808 808 00 00**.

**Macmillan website**
Our website has lots of information in English about cancer. There is also more information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**

We can also arrange translations just for you. Email us at **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** to tell us what you need.

**Information centres**
Our information and support centres are based in hospitals, libraries and mobile centres. Visit one to get the information you need and speak with someone face to face. Find your nearest centre at **macmillan.org.uk/informationcentres** or call us on **0808 808 00 00**.

**Local support groups**
At a support group, you can talk to other people affected by cancer. Find out about support groups in your area at **macmillan.org.uk/supportgroups** or call us on **0808 808 00 00**.

**Macmillan Online Community**
You can also talk to other people affected by cancer online at **macmillan.org.uk/community** You can access it at any time of day or night. You can share your experiences, ask questions, or just read through people's posts.

## More information in your language

We have information in your language about these topics:

- Side effects of cancer treatment
- Tiredness (fatigue) and cancer

**Types of cancer**

- Breast cancer
- Cervical cancer
- Large bowel cancer
- Lung cancer
- Prostate cancer

**Treatments**

- Chemotherapy
- Radiotherapy
- Surgery

**Coping with cancer**

- Cancer and coronavirus
- Cancer care in the UK
- Claiming benefits when you have cancer
- Eating problems and cancer
- End of life
- Healthcare for refugees and people seeking asylum
- Healthy eating
- Help with costs when you have cancer
- If you are diagnosed with cancer
- LGBTQ+ people and cancer
- Sepsis and cancer

To see this information, go to **macmillan.org.uk/translations**

## References and thanks

This information has been written and edited by Macmillan Cancer Support's Cancer Information Development team. It has been translated into this language by a translation company.

The information included is based on our treatment decisions content available in English on our website.

This information has been reviewed by relevant experts and approved by members of Macmillan's Centre of Clinical Expertise.

Thanks also to the people affected by cancer who reviewed this information.

All our information is based on the best evidence available. For more information about the sources we use, please contact us at **cancerinformationteam@macmillan.org.uk**

**Content reviewed: 2023 Next planned review: 2026**

MAC19723 Urdu

We make every effort to ensure that the information we provide is accurate and up to date but it should not be relied upon as a substitute for specialist professional advice tailored to your situation. So far as is permitted by law, Macmillan does not accept liability in relation to the use of any information contained in this publication or third-party information or websites included or referred to in it.

We hope you find this information helpful. If you have any questions, we can give you information and support by telephone in your language. Our services are free. Just call us on **0808 808 00 00** (Monday-Friday, 9am to 8pm) and ask in English for your preferred language.

© Macmillan Cancer Support 2023. Registered charity in England and Wales (261017), Scotland (SC039907) and the Isle of Man (604). Also operating in Northern Ireland. Registered office 89 Albert Embankment, London SE1 7UQ.

Trusted Information Creator

*Patient Information Forum*